# 5900 - حیض سے طہارت کا عجیب و غریب بدعتی طریقہ

## سوال

ماہواری ختم ہونے کے بعد غسل کا بہتر طریقہ کیا ہے ؟

مجھے بزرگوں نے کہا ہے کہ: میں غسل کروں پھر وضوء کر کے سات بار پانی پر کلمہ شہادت پڑھ کر اپنے سر پھر بازو اور ٹانگوں اور پھر شرمگاہ پر بہاؤں، پھر پانی پر سات آیات اور آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر اسی طریقہ سے پانی بہاؤں.

کیا میرے لیے اس طریقہ پر عمل کرنا ضروری ہے ؟

اس موضوع کے متعلق آپ کی نصیحت پر میں آپ کی مشکور ہونگی.

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ طریقہ بدعت ہے، اللہ تعالی نے اس کی کوئی دلیل نازل نہیں فرمائی بلکہ آپ کے لیے سنت پر عمل کرنے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ غسل کرنے سے قبل وضوء کریں اور پھر اپنے سارے بدن پر پانی بہا لیں.

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اور آپ کو علم نافع عطا فرمائے، اور ہم سب کو جہالت اور بدعات سے محفوظ رکھے.

واللہ اعلم .